بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد باری سبحانہٗ و تعالیٰ

یا رب تیری کس نعمت کا شکر کرے انسان
اک سجدے میں کیسے اتریں لاکھ ترے احسان

تیرے کرم سے مفلس نے پایا دنیا میں راج
تیرے غضب نے چھین لئے شاہوں کے سر سے تاج

درباروں میں خاک اڑی اور ہوئے محل ویران
چاہے جسے معاف کرے تو یارب ہے رحمان

تیرے ابر رحمت نے کھلائے صحرا میں پھول
دنیا کی ہدایت کے لئے تو نے بھیجے کئی رسول

نبیوں کے سردارؐ کو دی تو نے نرالی شان
سب سے الگ ہی حشر میں ہوگی حضرتؐ کی پہچان

کیسے ہو تعریف تری اے خالق کون و مکان
تیرے خوف سے لرزے ہے ولیوں کی پاک زبان

ایمان صحابہؓ سا کامل ہو تو وارے تجھ پر جان
ہے نوع بشر کو اک تحفہ انمول ترا **قرآن**

ہے انسان خطا کا پتلا اور بہت نادان
نخل و حجر کرتے ہیں تیری عظمت کا اعلان

سیدھی راہ دکھا مجھ کو سلطانوں کے سلطان
کون ہے جو جھٹلائے تیری نعمتوں کا احسان

سکندر نواز ۔ جہلم